مبادرة تعليم اللغة العربية

مركز لاهور التعليمي
LAHORE EDUCATION CENTER

AI-HASANAT
TRUST PAKISTAN

# عربی زبان
## فضیلت واہمیت


اعداد

**شعبہ تعلیم**

الحسنات ٹرسٹ پاکستان

بسم الله الرحمن الرحيم

مبادرة تعليم اللغة العربية

مركز لاهور التعليمي
LAHORE EDUCATION CENTER

Al-HASANAT
TRUST PAKISTAN

بسم اللہ الرحمن الرحیم

زبان و بیان اللہ تعالیٰ کی طرف سے بہت بڑی نعمت ہے۔ کیونکہ اس کے ذریعہ ہم دوسروں کے خیالات کو سمجھتے ہیں اور اپنے خیالات دوسروں تک پہنچاتے ہیں۔ یوں تو دنیا میں سینکڑوں زبانیں بولے جاتے ہیں، اور ہر زبان اہل زبان کے لئیے اہمیت کی حامل ہے، مگر عربی زبان اہل زبان کے علاوہ ان کروڑوں مسلمانوں کے لیے بھی اہمیت کی حامل ہے جو دنیا کے مختلف ممالک میں سکونت پذیر ہیں، کیونکہ عربی صرف اظہار خیال کا ذریعہ ہی نہیں بلکہ تفہیم حق اور تفہیم اسلام کا بھی بنیادی ذریعہ ہے۔

عربی دنیا کے سب سے پہلے انسان حضرت آدم کی زبان ہے، یہ سب سے افضل پیغمبر محمّد مصطفی ﷺ اور سب سے افضل آسمانی کتاب قرآن کریم کی زبان ہے۔

مبادرة تعليم اللغة العربية

مركز لاهور التعليمي
LAHORE EDUCATION CENTER

Al-HASANAT TRUST PAKISTAN

لہذا جب اس کا انتخاب سب سے افضل کتاب کے لیے کیا گیا تو یقیناً یہ تمام زبانوں میں افضل زبان ہو گی، مگر آج کے دور میں مسلمان اس کی اہمیت سے ناآشنا ہیں، حالانکہ اسلام کی صحیح تفہیم و سمجھ اسی زبان پر موقوف ہے۔

یہی وجہ تھی کہ صحابہ کرام نے عربی زبان کی خود بھی حفاظت کی اور دوسروں کو بھی اس کی ترغیب دلائی، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا فرمان ہے: "عربی زبان سیکھو کیوں کہ یہ دین سے ہے"۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس کی حفاظت کے لیے ابو الاسود الدؤلی سے اصول و ضوابط تیار کرائے۔

عربی زبان کی اہمیت بیان کرتے ہوئے عربی زبان کے فقیہ امام ثعلبی فرماتے ہیں: جسے اللہ رب العزت سے محبت ہوگی، اسے اللہ کے رسول مصطفی ﷺ سے بھی محبت ہوگی، جسے رسول عربی ﷺ سے محبت ہوگی اسے عربی زبان سے بھی محبت ہوگی، جس زبان میں کتابوں میں سب سے افضل کتاب، سب سے افضل ذات پر نازل ہوئی، جو عربی زبان سے محبت رکھے گا وہ اس کے (سیکھنے سیکھانے اور اس کی حفاظت) کا بھی اہتمام کرے گا اور اس پر توجہ بھی دے گا۔

مبادرة تعليم اللغة العربية

مركز لاهور التعليمي
LAHORE EDUCATION CENTER

Al-HASANAT TRUST PAKISTAN

عربی زبان کو سیکھنے کی اسی اہمیت وضرورت کے پیش نظر ہم ایک سلسلہ شروع کرنے جا رہے ہیں جو آپ کو عربی زبان میں بول چال سکھائے گا اور آگے جا کر ہم کچھ ایڈوانس کورس بھی کروایں گے تاکہ آپ قرآن مجید احادیث مبارکہ کو سمجھ کر پڑھ سکے اور مسنون زکر اور دعائیں سمجھ کر ادا کر سکے۔

اس کتابچے میں ہم آب کو عربی زبان کی اہمیت و فضیلت کے بارے میں بتایں گے تاکہ آپ صحیح طریقے سے عربی زبان سیکھنے کی کوشش کریں۔

شعبہ تعلیم

الحسنات ایجوکیشن سنٹر لاہور پاکستان

مبادرة تعليم اللغة العربية

مركز لاهور التعليمي
LAHORE EDUCATION CENTER

AI-HASANAT
TRUST PAKISTAN

## أهمية اللغة العربية


# عربی زبان کی اہمیت:

یوں تو ہر زبان کی اپنی اپنی اہمیت و خصوصیت ہوتی ہے لیکن عربی زبان کی کچھ ایسی اہمیت اور خصوصیات ہیں جو اسے دوسری زبانوں پر فوقیت دیتی ہے،ان میں سے کچھ مندرجہ ذیل ہیں:




(1)

عربی زبان جناب خاتم الانبیا والمرسلین صلی اللہ علیہ وسلم آپ کے اہل بیت وصحابہ کرام اور خیر القرون کا زبان ہے۔




(2)

عربی زبان اللہ تعالی کی آخری کتاب قرآن مجید کی زبان ہے، اللہ تعالی نے ارشاد فرمایا: (اِنَّا اَنْزَلْنَا قُرْآناً عَرَبِیاً لَّعَلَّکُمْ تَعْقِلُوْنَ) (بے شک ہم نے قرآن کو عربی میں نازل کیا تاکہ تم سمجھ لو) ۔ دنیا کی مختلف زبانوں میں اللہ تعالی کا پیغام آیا لیکن اس کا آخری پیام اور آخری ہدایت نامہ یعنی قرآن مجید عربی زبان میں نازل ہوا۔ زبانیں اگرچہ بے شمار تھیں لیکن کلام الہی کے آخری مجموعہ کے لئے صرف عربی زبان کو اختیار کیا گیا جس سے اس زبان کی اہمیت اور فضائل و مناقب عیاں ہوتی ہے۔



(3)

دین اسلام کی سمجھ اور فہم عربی زبان کو سمجھے بغیر ممکن نہیں، اسلامی عقائد واعمال اور اخلاق ومعاملات کی تعلیم وتربیت عربی زبان میں موجود ہے، توحید ورسالت کے اقرار کے بعد اس کا اظہار عربی الفاظ کے ذریعے ہوتا ہے۔



(4)

اسلام کے ارکان میں سے اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کے بعد سب سے بڑا رکن نماز ہے اور اس کی ادائیگی کے لئے تکبیرات کلمات تلاوت اور دعایں واذکار وغیرہ عربی زبان میں ضروری قرار دیا گیا،اسی طرح شریعت نے دیگر تمام اوراد واذکار کی اسی زبان کے ذریعے تعلیم فرمادی۔

(5)

عربی زبان میں اختصار پایا جاتا ہے یعنی اس کی مختصر کلمات میں زیادہ سے زیادہ معنی پیدا کرنے کی صلاحیت ہوتی ہے ۔ اسی لئے عربی کا مضمون اپنی جامعیّت اور فصاحت وبلاغت کے عُروج پر ہوتے ہوئے بھی دیگر زبانوں کی بنسبت کم سے کم صفحات پر لکھا ہوا نظر آئے گا۔ اور جب کسی عربی فقرے کا ترجمہ کیا جاۓ تو عربی فقرہ مختصر اور دیگر زبانیں طویل نظر آئیں گی۔





(6)

یہ زبان دوسری زبانوں کی طرح نایاب نہیں ہوگا بلکہ اپنی پوری آب وتاب کے ساتھ تاقیامت باقی رہے گی، کیونکہ اللہ رب العزت نے قرآن کی حفاظت کا اعلان کر کے عربی زبان کو دوام و بقا عطا کیا ہے، جیساکہ ارشاد ربانی ہے: ہم ہی قران کو نازل کرنے والے ہیں اور ہم ہی اس کی حفاظت کرنے والے ہیں (حجر:9) یہ ایسی خصوصیت ہے جو دنیا کی کسی زبان میں نہیں پائی جاتی۔



(7)

عربی زبان اسلامی تاریخ وثقافت کا امین ہے اس میں اسلامی فتوحات تہذیب وتمدن کی انگنت روشن اوراق محفوظ ہیں، یہ ان خوبصورت ایام کی دلیل وبرہان ہے جب اسلام نے دنیا کو تہذیب و تمدن سکھایا، یہ زبان امت مسلمہ کا فخر اور ترجمان ہے۔

(8)

یہ زبان ہر دور زمان و مکان کے لئے حجت اور قابل استعمال ہے
اسی لئے اللہ تعالی نے اس زبان میں آخری شریعت نازل کی اور
قیامت تک کے لئے اسی شریعت کو واجب العمل قرار دیا۔



AI-HASANAT
TRUST PAKISTAN

مركز لاهور التعليمي
LAHORE EDUCATION CENTER

مبادرة تعليم
اللغة العربية